**شیخ مجیب الرحمن  کی تاریخی رہائش گاہ کو مسمار کیے جانے سے متعلق میڈیا کے سوالوں پر سرکاری ترجمان کا جواب**

6 فروری، 2025

شیخ مجیب الرحمن کی تاریخی رہائش گاہ کو مسمار کیے جانے سے متعلق میڈیا کے سوالوں کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

یہ نہایت ہی افسوسناک ہے کہ شیخ مجیب الرحمن کی تاریخی رہائش گاہ، جو قابض اور جابرانہ قوتوں کے خلاف بنگلہ دیشی عوام کی بہادرانہ مزاحمت کی علامت تھی، 5 فروری 2025 کو مسمار کر دی گئی۔"

وہ تمام لوگ جو آزادی کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، جس نے بنگالی شناخت اور فخر کو پروان چڑھایا، بنگلہ دیش کے قومی شعور میں اس رہائش گاہ کی اہمیت سے بخوبی واقف ہیں۔

تخریب کاری کی اس کارروائی کی سخت مذمت کی جانی چاہیے۔"

نئی دہلی

6 فروری، 2025